ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(571)

27.10.2023

## بہاولپور(                 )ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات،موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(572)

مورخہ 27.10.2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ 02 روز کی مختلف کارروائیوں میں 15 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات، شراب و ناجائز اسلحہ برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائینز، تھانہ اوچشریف، تھانہ ڈیراور، تھانہ کینٹ، تھانہ مسافرخانہ اور تھانہ صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 07 ملزمان حبیب، جہانگیر، ریاض، عمران، امین، امجد اور یاسر کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 350 لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ صدر بہاولپور، تھانہ عباس نگر اور تھانہ صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے 04 ملزمان پیر بخش، اشرف، نیاز احمد اور نواز کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 05 کلو 560 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے 04 ملزمان خضر حیات، جنید، شوکت حسین اور حسنین خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب اور منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ 02 روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات، شراب و ناجائز اسلحہ برآمد